Registered Under RNI-DELURD/2003/9333

اوژو ماٹلی

گرامی ایوارڈ یافتہ لاطینی ہپ ہوپ بینڈ اوزامیٹلی نے فروری میں ہندوستان اور نیپال میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ نئی دہلی میں اس بینڈ نے آریانا تھالیہ (اوپر) کے یتیموں کیلئے پروگرام دیا اور روی شنکر انسٹی ٹیوٹ آف میوزک اینڈ پرفارمنگ آرٹس (دائیں) کے طلبہ کے سامنے بھی کھچا کھچ بھرے ہوئے ہال میں موسیقی بکھیری۔ اس اینجنز کے یہ موسیقار نسلی اعتبار سے اپنے متنوع پس منظر سے بہت متاثر ہیں۔ امریکہ کے ثقافتی سفیر کی حیثیت سے وہ موسیقی کی مشترکہ زبان کے توسط سے جنوبی ایشیا کے نوجوان لوگوں تک پہنچ رہے ہیں۔